North West London
Collaboration of
Clinical Commissioning Groups

نزلہ یا فلو سے متعلق فرضی باتوں کی حقیقت

اس سال بہت سی فرضی باتیں ایسی ہیں جو فلو یا نزلے کی ویکسینیشن سے متعلق پھیل رہی ہیں۔ ان فرضی باتوں کے پیچھے چھپے حقائق پڑھیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کا ٹیکہ حلال نہیں ہے

فرضی بات کی حقیقت #1: فلو کا ٹیکہ سور کے کسی اجزاء یا جیلاٹن پر مشتمل نہیں ہوتا۔ صرف بچوں کے لئے ناک کے فلو سپرے میں پورسین جیلاٹن شامل ہوتا ہے۔ برطانیہ کی فتویٰ کونسل نے بچوں میں ناک کے اسپرے کے استعمال کی اجازت دے دی ہے۔ آپ اپنے GP سے بھی اپنے بچے کے لئے متبادل فلو ویکسین کا پوچھ سکتے ہیں، اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ وہ ناک کا یہ اسپرے لیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کا ناک کا اسپرے آپ کے بچے کو بیمار کر سکتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #2: بچوں کے ناک کا اسپرے، ناک بہنے یا ناک بند ہونے، سر درد، تھکاوٹ اور بھوک میں کچھ کمی آنے کا سبب بن سکتا ہے۔ لیکن یہ علامات عام طور پر 2 دن کے اندر ختم ہو جاتی ہیں اور فلو کا شکار ہو جانے کے اثرات کی نسبت کہیں زیادہ کم سنگین ہوتی ہیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو بچوں کے لئے سنگین نہیں ہے لہٰذا بہتر ہے کہ انہیں فلو کا شکار ہو جانے دیں

فرضی بات کی حقیقت #3: بچوں میں فلو سنگین ثابت ہو سکتا ہے - یہ تیز بخار، کان میں تکلیف دہ انفیکشنز، چھاتی کے شدید مسائل یا برونکائٹس، نمونیہ اور یہاں تک کہ اسپتال میں داخل ہونے کا باعث بن سکتا ہے۔ خطرے کی زد میں آنے والے اہلخانہ اور دوستوں کے تحفظ میں مدد دینے کے لئے اپنے بچے کو مفت فلو ویکسین لگوائیں۔ **http://bit.ly/child-flu**

جھوٹا دعویٰ: ناک کا فلو سپرے آپ کے بچے کو آٹزم کا شکار بنا سکتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #4: ناک کے فلو سپرے کی وجہ سے یقینی طور پر آپ کے بچے کو آٹزم نہیں ہو گا۔ یہ دعویٰ کہ MMR ویکسین، آٹزم کا سبب بنتی ہے کو کئی بار غلط ثابت کیا جا چکا ہے اور یقینی طور پر ناک کے فلو سپرے اور آٹزم کے مابین قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے۔ مزید:
https://www.nhs.uk/news/medication/no-link-between-mmr-and-autism-major-study-finds/

جھوٹا دعویٰ: ناک کے فلو سپرے سے آپ کے بچے کو Covid ہو سکتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #5: ناک کا فلو سپرے کئی سالوں سے استعمال کیا جا رہا ہے اور اس میں SARS-CoV-2، نئے کورونا وائرس کی باقیات شامل نہیں ہیں، جو COVID-19 کا سبب بنتی ہیں۔ ناک کے فلو اسپرے سے یقینی طور پر آپ کے بچے کو Covid-19 لاحق نہیں ہو گا۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کا ٹیکہ آپ کو سنگین ضمنی اثرات کا شکار بناتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #6: 10 لاکھ افراد میں صرف 1 فرد کو فلو جاب یا ٹیکہ کی وجہ سے شدید مضر اثرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہلکے ضمنی اثرات زیادہ عام ہیں، لیکن وہ فلو کے ممکنہ اثرات سے کہیں کم سنگین ہیں جو کہ سنگین بیماری یا موت کا سبب بن سکتا ہے۔ فلو کا ٹیکہ آپ اور آپ کے اردگرد موجود لوگوں کے لئے بہترین تحفظ ہے۔

جھوٹا دعویٰ: فلو ویکسین سے آپ کو فلو لاحق ہو جائے گا

فرضی بات کی حقیقت #7: فلو ویکسین سے آپ کو فلو لاحق نہیں ہو سکتا ہے۔ ویکسین میں ایک غیر فعال وائرس ہوتا ہے جس سے آپ کو فلو لاحق نہیں ہو سکتا ہے۔ اس سے ہلکے مضر اثرات پیدا ہو سکتے ہیں جیسا کہ جلن یا پٹھوں کی تکلیف، ہلکا بخار یا بیمار محسوس ہونا، کپکپاہٹ، تکلیف اور تھکاوٹ۔ فلو کا شکار ہو جانے کی نسبت یہ بے حد کم سنگین خطرات ہیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کی ویکسین کے سبب آپ کا Covid-19 کا ٹیسٹ مثبت آئے گا

فرضی بات کی حقیقت #8: فلو کا ٹیکہ آپ کو کورونا وائرس کے ٹیسٹ کیلئے مثبت نہیں بنائے گا۔ COVID-19 کے ٹیسٹ میں SARS-CoV-2 وائرس کے مخصوص جینیاتی تسلسل کو تلاش کیا جاتا ہے۔ فلو وائرس کا جینیاتی سلسلہ یا ترتیب بہت مختلف ہوتی ہے۔ فلو ویکسین سے یقینی طور پر COVID-19 کے ٹیسٹ کے نتیجہ پر کوئی اثرات مرتب نہیں ہو سکتے۔

جھوٹا دعویٰ: NHS میں اپنا فلو کا ٹیکہ لگوانا محفوظ نہیں ہے

فرضی بات کی حقیقت #9: NHS آپ کے تحفظ کے لئے ہر ممکن احتیاط کرتا ہے اور COVID سے محفوظ طریقے میں فلو کا انجیکشن فراہم کرنے کے لئے مستحکم منصوبہ بندی کا حامل ہے۔ اگر آپ کو فلو کے ٹیکے کیلئے اپائنٹمنٹ پر مدعو کیا گیا ہے، تو اس میں آپ کا شرکت کرنا اہم ہے۔ اگر آپ فلو ویکسین کیلئے اہل ہیں اور NHS سے نہیں سنا ہے، تو براہِ کرم اپنے GP پریکٹس سے پوچھیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کی ویکسین بذات خود محفوظ نہیں ہے

فرضی بات کی حقیقت #10: فلو کی ویکسینیشن محفوظ اور موثر ہے، اور اسے لازماً سالانہ دینا چاہیئے۔ یہ آپ کو فلو نہیں دے سکتی۔ یہ آپ کو COVID-19 سے محفوظ نہیں رکھتی، لیکن اس سے فلو کے تناؤ سے تحفظ ملتا ہے جو اس سال فعال ہو گی۔

جھوٹا دعویٰ: فلو ویکسین کو مائیکروچپ امپلانٹ کے ساتھ لگایا جاتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #11: سوشل میڈیا پر ایک ترمیم کردہ ویڈیو کا اشتراک کیا گیا ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ لوگوں کو ایک مائیکرو چپ لگائی جا رہی ہے۔ یہ **ویڈیو ایک امریکی کمپنی کے بارے میں تھی** جس نے اپنے عملے کو ناشتہ خریدنے یا کمپیوٹر اور فوٹو کاپیئرز استعمال کرنے کے لئے اپنی انگلی میں مائیکرو چپ لگانے کی پیشکش کی تھی۔ یہ فلو کے ٹیکے کی ویڈیو نہیں تھی اور فلو کا ٹیکہ کسی مائیکروچپ پر مشتمل نہیں ہوتا ہے۔

جھوٹا دعویٰ: فلو شاٹ Covid-19 پر مشتمل ہے

فرضی بات کی حقیقت #12: سوشل میڈیا پر حالیہ پوسٹس یہ دعویٰ کرتی ہیں کہ فلو ویکسین میں COVID-19 شامل ہے۔ فلو ویکسین کو کئی سالوں سے استعمال کیا جا رہا ہے اور اس میں SARS-CoV-2، نئے کورونا وائرس کی باقیات شامل نہیں ہیں، جو COVID-19 کا سبب بنتی ہیں۔

جھوٹا دعویٰ: فلو کا اینٹی بائیوٹکس سے علاج کیا جا سکتا ہے

فرضی بات کی حقیقت #13: وائرس فلو کا باعث بنتے ہیں۔ اینٹی بائیوٹکس صرف بیکٹیریا کے خلاف کام کرتی ہیں۔ فلو ہونے کی وجہ سے ایک بیکٹیریل انفیکشن ہو سکتا ہے، اس صورت میں آپ کو اس انفیکشن کے علاج کے لئے اینٹی بائیوٹکس دی جا سکتی ہیں، لیکن یہ فلو سے تحفظ نہیں دیں گی۔

جھوٹا دعویٰ: آپ کو ہر سال فلو کا ٹیکہ لگوانے کی ضرورت نہیں ہے

فرضی بات کی حقیقت #14: وائرس جو فلو کا باعث بنتا ہے، میں تبدیلیاں (میوٹیشن) ہوتی ہے، لہٰذا آپ کو ویکسینیشن کرانے کی ضرورت ہوتی ہے جو ہر سال نئے وائرس کیلئے درست ثابت ہوتی ہے۔

North West London
Collaboration of
Clinical Commissioning Groups

جھوٹا دعویٰ: مجھے فلو ہو گیا ہے لہٰذا ٹیکہ لگوانے میں دیر ہو چکی ہے

فرضی بات کی حقیقت #15: چونکہ فلو متعدد وائرسوں کی وجہ سے ہوتا ہے، لہٰذا آپ کے اندر جو فطری طور پر قوت مدافعت پیدا ہوئی ہے وہ آپ کو ان میں سے محض کسی ایک سے بچائے گی۔ ہو سکتا ہے آپ ان کی کسی دوسری قسم کا شکار ہو جائیں۔

جھوٹا دعویٰ: صحت مند لوگوں کو ویکسین لگوانے کی ضرورت نہیں ہے

فرضی بات کی حقیقت #17: اگرچہ یہ خاص طور پر ان لوگوں کے لئے اہم ہے جو کسی طویل المیعاد حالت یا دائمی بیماری میں مبتلا ہیں کہ وہ فلو کا ٹیکہ لگوائیں، ویکسین لگوانے کا ہر شخص کو فائدہ ہوتا ہے۔ مزید برآں، اگر آپ کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہے تو یہ آپ کیلئے مفت ہے، اور جب ہماری عمر بڑھتی ہے، تو فلو کے وائرس کے خلاف ہماری قدرتی قوت مدافعت کمزور ہو کر خطرے کو بڑھا دیتی ہے۔

جھوٹا دعویٰ: اپنا تحفظ کرنے کیلئے فلو کا ٹیکہ لگوانا ہی وہ سب ہے جس کی آپ کو ضرورت ہے

فرضی بات کی حقیقت #18: کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے بار بار اپنے ہاتھ دھونا نہ بھولیں اور ان لوگوں کے ساتھ قربت یا رابطے سے بچنے کی کوشش کریں جنہیں فلو لاحق ہے۔ COVID-19 کے تناظر میں یہ خاص طور پر اہم ہے۔